کل نمبر:25 **اُردو(ہفتم)ٹیسٹ نمبر1** **وقت:30منٹ**

دوسرا مہینا، پہلا ہفتہ، چھٹا دِن	**سلیبس**: دہرائی ٹیسٹ (پہلا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے دُرست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ معروف کا دُرست تلفُّظ ہے:

(الف)	مع۔روف	(ب)	م۔ع۔روف
(ج)	م۔ع۔ر۔و۔ف	(د)	تمام دُرست

2۔ بچّوں نے سیر کروانے کی فرمائش کی:

(الف)	والدہ سے	(ب)	والد سے	(ج)	چچا سے	(د)	ماموں سے

3۔ دُلھن کی طرح سجایا گیا تھا:

(الف)	گلیوں کو	(ب)	راستے کو	(ج)	شہر بھر کو	(د)	گھر کو

4۔ ٹریفک بتیوں کی تعداد ہوتی ہے:

(الف)	پانچ	(ب)	چار	(ج)	چھے	(د)	تین

5۔ مثلّث کے اندر بنے ٹریفک کے نشان کا مقصد ہوتا ہے:

(الف)	خطرے سے آگاہ رہیں	(ب)	معلومات دینا
(ج)	لازمی عمل کریں	(د)	ٹریفک روکنا

6۔ پیدل سڑک پار کرنے والوں کے لیے سڑک پر بنے نشان کو کہتے ہیں:

(الف)	لائنیں	(ب)	زیبرا کراسنگ	(ج)	بتیاں	(د)	اشارے

7۔ ایسے حُروف جو کلام میں زور پیدا کرنے کے لیے جملے میں استعمال ہوتے ہیں، کہلاتے ہیں:

(الف)	حُروفِ بیان	(ب)	حُروفِ شرط	(ج)	حُروفِ تاکید	(د)	حُروفِ جار

8۔ ایسے حُروف جو کسی سبَب یا وجہ کو ظاہر کرنے کے لیے جملے میں استعمال ہوں، کہلاتے ہیں۔

(الف)	حُروفِ تاکید	(ب)	حُروفِ جار	(ج)	حُروفِ بیان	(د)	حُروفِ علّت

9۔ ایک چیز یا شخص کو ظاہر کرنے والا اِسم کہلاتا ہے:

(الف)	واحد	(ب)	جمع	(ج)	تثنیہ	(د)	جمع سالم

☆ **درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 10، 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔**

خُدا خُدا کر کے روانہ ہونے کا وقت آیا۔ بچّوں نے ضروری چیزیں اکٹھی کیں اور گاڑی میں سوار ہو گئے۔ ابّا جان نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی جب کہ امّی جان ساتھ والی سیٹ پر براجمان ہو گئیں۔ جلد ہی وہ لاہور کی ایک معروف سڑک پر پہنچ گئے۔ چوک نزدیک آ رہا تھا اور سبز بتّی بھی جل رہی تھی، خیال تھا کہ وہ چوک پار کر لیں گے لیکن قریب پہنچتے پہنچتے سبز بتّی بُجھ گئی اور پیلی بتّی روشن ہو گئی۔ فہد کے ابّو نے گاڑی کی رفتار دھیمی کرتے ہوئے گاڑی روک لی۔

فہد: بابا جان! آپ نے پیلی بتّی پر گاڑی کیوں روک لی؟ آپ سڑک پار بھی تو کر سکتے تھے، ابھی سُرخ بتّی روشن نہیں ہوئی تھی۔

ابّا جان: فہد بیٹا! ٹریفک کی پیلی بتّی دراصل یہ بتاتی ہے کہ کسی بھی وقت سُرخ بتّی جل سکتی ہے لہٰذا ہمیں احتیاط کرنی چاہیے اور مناسب یہی ہوتا ہے کہ ہم رُک جائیں۔

ناصر: مگر بابا جان! میں نے دیکھا تھا کہ آپ تو رُک گئے تھے مگر بہت سے موٹر سائیکل سوار اور گاڑیاں گُزر گئی تھیں۔

10۔ درج بالا پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(الف)	چچا چھکن نے تصویر ٹانگی	(ب)	ٹریفک کے قوانین اور ہماری ذمہ داریاں
(ج)	مُحسنِ پاکستان	(د)	ملکی ترقّی میں خواتین کا کردار

11۔ ''خدا خُدا کرنا'' قواعد کی رُو سے ہے:

(الف)	روزمرّہ	(ب)	ضرب المثل	(ج)	محاورہ	(د)	جملہ

12۔ ساتھ والی سیٹ پر کون براجمان تھا؟

(الف)	ماموں جان	(ب)	چچا جان	(ج)	ابّا جان	(د)	امّی جان

13۔ پیلی بتی بتاتی ہے کہ کسی بھی وقت

(الف)	سُرخ بتی جل سکتی ہے	(ب)	سُرخ بتی بُجھ سکتی ہے
(ج)	پیلی بتی بجھ سکتی ہے	(د)	سبز بتی بجھ سکتی ہے

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ **(کل نمبر12)**

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''پیارا وطن پاکستان'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: واحد۔ جمع کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: مترادف الفاظ کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

سوال نمبر2: رسید وصولی بابت کرایہ مکان تحریر کریں۔